★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 350 بروز منگل 15 ستمبر 2026ء 2 ربیع الثانی 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت 15 ستمبر (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت 15 ستمبر (آج) منگل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور جمہوریت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس سلسلے میں ملک بھر میں سیاسی و سماجی جماعتوں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مذاکرے، سیمینارز اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین ملکی ترقی میں جمہوریت کے کردار اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں امن کا عالمی دن 21 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں امن کا عالمی دن 21 ستمبر کو منایا جائے گا یہ دن منانے کا مقصد دنیا بھر میں جنگ و جدل اور نفرتوں کو ختم کر کے محبت کو فروغ دینا ہے۔ ''عالمی یوم امن'' کے حوالے سے ملک بھر میں سیاسی و سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جس میں عدم تشدد اور امن کی سوچ کو فروغ دینے کیلئے مختلف پروگرام ترتیب دیے جائیں گے۔

بلوچستان میں ملک دشمنوں اور بیرونی ایجنٹوں کیلئے صرف تباہی ہے، مینا مجید بلوچ

کوئٹہ (خ ن) مستونگ میں دہشت گردوں کا انجام اس بات کا حتمی اعلان ہے کہ بلوچستان میں ملک دشمنوں اور بیرونی ایجنٹوں کے لیے صرف تباہی ہے۔ مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید صوبائی مشیر برائے کھیل و امور (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پوری طرح پُرعزم ہیں، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائی کو اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری ر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

میری سب سے گہری ترجیح اور دلچسپی تعلیم ہے، گورنر جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میری سب سے گہری ترجیح اور دلچسپی تعلیم ہے۔ میں بہت جلد اسلامیہ یونیورسٹی کا سنگِ بنیاد رکھنے کیلئے یہاں دوبارہ آؤں گا۔ اسی عزم سے پیوستہ ہو کر اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک کروڑ روپے بطور سیڈ منی دینے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی آخری دہشت گرد کے خاتمے تک ریاست کا عزم برقرار رہے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

دہشتگردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرأت اور مؤثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے انڈونیشین نیوی کے چیف ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی ملاقات کر رہے ہیں

موٹر سائیکل مالکان کو 800،5 سی سی گاڑی مالکان کو 10 لیٹر پٹرول کا ریلیف دیا جائیگا وزیر اعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ سہولت ملنے کے بعد کرایوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے

پی ٹی آئی کے دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے، بہتر ہوگا یہ جماعت دھرنوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے، وفاقی وزراء کی مشترکہ پریس کانفرنس

وزیر اعظم فیول ریلیف اسکیم کا آغاز، کمزور طبقات کیلئے پٹرول پر خصوصی ریلیف

وزیر اعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد شروع کر دیا حکومت نے عالمی تیل بحران کے دوران عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، عطا اللہ تارڑ، شزا فاطمہ، علی پرویز ملک

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزراء نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر پٹرولیم بحران کے اثرات سے کمزور اور مستحق طبقات کو بچانے کیلئے شروع کی گئی، وزیر اعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سکیم کے تحت موٹر سائیکل مالکان کو 5 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو 10 لیٹر پٹرول کا ریلیف دیا جائے گا، رجسٹریشن کیلئے صارف کا موبائل سم اور شناختی کارڈ ایک ہی نام پر ہونا لازمی ہے۔ پی ٹی آئی کے دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے، بہتر ہوگا یہ جماعت دھرنو (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ایس سی او علاقائی کونسل کا دہشتگردی کے خلاف مشترکہ معلوماتی کارروائی اور مشق پر اتفاق

علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کیلئے انٹرنیٹ کے استعمال کی نشاندہی اور روک تھام ہوگا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی کونسل نے 2027ء میں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ معلوماتی کارروائی، دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے لیے انٹرنیٹ کے استعمال کی روک تھام سے متعلق عملی سیمینار اور رکن ممالک کے متعلقہ اداروں کی مشترکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ہم نے جنگ شروع نہیں کی، جارحیت کیخلاف دفاع پر مجبور ہوئے، ایرانی صدر

تہران (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف دفاع پر مجبور ہوا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق بھارتی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

ریلوے نے پہلی مرتبہ 100 ارب کا ریونیو اکٹھا کیا، حنیف عباسی

رات کی تاریکی میں 25 سال قید لیکر خدا کی قسم پاکستان کا برا نہیں سوچا نہ سوچیں گے

راولپنڈی (آن لائن) ریلوے کے وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ افغانستان اس وقت دہشت گردوں کا ٹیکیپ ہے جہاں اسرائیل تکنیکی سپورٹ اور بھارت پیسہ دے رہا ہے، خود کش حملہ آور وہاں سے آتا ہے اور سہولت کاری یہاں موجود ہے پاکستان کی تاریخ میں ریلوے نے پہلی مرتبہ 100 ارب سے زائد کا ریونیو اکٹھا کیا، بارانی زرعی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اگر بیٹے کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، ضیاء الرحمٰن

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے کمہرانی روڈ کے رہائشی ضیاء الرحمٰن نے کہا ہے کہ میرا بیٹا گزشتہ ایک سال قبل گھر سے نکلا دوبارہ واپس نہیں اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

امریکا وینزویلا کی طرح ایران کا تیل بھی قبضے میں لے سکتا ہے، صدر ٹرمپ کا دعویٰ

ایسا ممکنہ طور پر نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد ہو سکتا ہے، گفتگو

ایسا ممکنہ طور پر نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد ہو سکتا ہے

ڈبلن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا وینزویلا کی طرح ایران میں موجود رہ سکتا ہے اور تیل اپنے قبضے میں رکھ سکتا ہے۔ آئرلینڈ کے دورے اور گالف میچ دیکھنے کے موقع پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا انہیں توقع ہے کہ ایران جنگ رواں برس ختم ہو جائے گی اور ایسا ممکنہ طور پر نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دو طرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال، دوطرفہ عسکری تعلقات پر اطمینان کا اظہار

انڈونیشین نیول چیف کی فیلڈ مارشل سے ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

انڈونیشین نیول چیف کی جی ایچ کیو آمد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات، پیشہ ورانہ تربیت اور مشترکہ مشقوں میں تعاون مزید بڑھانے کا عزم

آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز کا دفاع اور سلامتی کے شعبوں سمیت انڈونیشیا کے ساتھ دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (آن لائن) انڈونیشین نیول چیف کی جی ایچ کیو آمد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دو طرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک کے درمیان عسکری تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور پیشہ ورانہ تربیت اور مشترکہ مشقوں میں تعاون مزید بڑھانے کا عزم ظاہر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انڈونیشین بحریہ کے سربراہ، ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

راولپنڈی، چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی موجودگی میں پاکستان اور لبنان کے درمیان قیدیوں کی منتقلی کے معاہدے دستخط کئے جا رہے ہیں

کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نواں کلی اور عالموں چوک پر پرائس کنٹرول کے تحت گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

بدعنوانی کے خاتمہ میں طلباء کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، ڈی جی نیب بلوچستان فرحان یوسف خان کا خطاب

اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے، ڈی جی نیب بلوچستان

یوسف خان نے طلباء کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 10 ستمبر 2026 کو بیوٹمر یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد نے نیب بلوچستان کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت اسسٹنٹ ڈائریکٹر ظہور احمد نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے وفد کا خیر مقدم کیا اور طلباء کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نیب کے طریقہ کار، بشمول شکایات کی وصولی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکاء کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں اُن کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خود احتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنو (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے، جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے، وزیر اعظم

جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار دیتا ہے، پیغام

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے، جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ پاکستان کا وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار دیتا ہے۔ عصر حاضر کے بدلتے تقاضوں کی پیش نظر عوامی امنگوں اور عوامی ضروریات کے مطابق قوانین وضع کرنا پارلیمنٹ کے فرائض میں شامل ہے۔ جمہوریت کے عالمی دن پر پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔ یہ دن جمہوریت کے بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کا فروغ، عوامی رائے کا احترام (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

نور محمد دمڑ کی سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار

سینیٹر نصیب اللہ بازئی ایک مدبر، زیرک اور باصلاحیت سیاسی رہنما تھے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ بازئی ایک مدبر، زیرک اور باصلاحیت سیاسی رہنما تھے، جن کی عوامی و سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کا انتقال بلوچستان کے لیے ایک بڑا نقصان ہے حاجی نور محمد دمڑ نے مرحوم کے اہلِ خانہ اور سوگواران سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت، درجات بلند اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

عوامی مسائل کیلئے آواز اٹھانے کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، نسیم الرحمٰن

خلیل الرحمان مرحوم نے ہمیشہ حق اور سچ کی صحافت کو اپنا شعار بنائے رکھا، مشیر

لاہور (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے گزشتہ روز لاہور کے دورے کے دوران روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی، سینئر صحافی سید خلیل الرحمان مرحوم کے بھائی سید احمد علی کی رہائش گاہ پر جا کر ان سے، مرحوم کے صاحبزادے لیفٹیننٹ کرنل سید طیب اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ مشیر وزیر اعلیٰ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ سید خلیل الرحمان مرحوم نے ہمیشہ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

جلد سماعت کے مقدمات کیلئے شام کو بھی بنچ بیٹھے گے، چیف جسٹس پاکستان

مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب سائٹ پر جاری کر دی ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

جلد سماعت کی درخواستوں کیلئے ایک بنچ تشکیل دے رہے ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب سائٹ پر جاری کر دی ہے، اب میرے کہنے پر بھی کیس مقرر نہیں ہوتا۔ نئے عدالتی سال کی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہ کہا جاتا ہے ججز 3 ماہ کی چھٹیاں کرتے ہیں حالانکہ ججز 3 ماہ کے دوران ایک ماہ کی چھٹی کرتے ہیں، ایک بنچ کے سامنے ایک روز (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں بوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

شیڈول:

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے — ہر روز ایک مرتبہ، ایک مشت 5 لیٹر — پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں
جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 20 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان — 10 دن میں ایک مرتبہ، ایک مشت 10 لیٹر — پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں
جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

- اسلام آباد میں آج سے پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جا سکے گا۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف:

اسلام آباد I، آزاد جموں و کشمیر A، گلگت بلتستان G، سندھ S، پنجاب P، خیبر پختونخوا K، بلوچستان B

ٹوکن لینے کا طریقہ

رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔
موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

رعایتی پٹرول کا حصول

ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.mib.gov.pk

PID (I) 2505-D/26

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

دہشت گردی کا مکمل خاتمہ

سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ فخر قرار دیتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گرد عناصر کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر قوم کے تحفظ اور امن کے قیام کے عزم کو ثابت کیا ہے۔ مستونگ میں بروقت کارروائی نے واضح کر دیا ہے کہ ریاست امن دشمن عناصر کے خلاف پوری طرح متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کے پختہ عزم کا مظہر ہے۔ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران کا کہنا تھا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی امن دشمن قوتوں کے لیے واضح پیغام ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، جبکہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں کسی قسم کی نرمی کی گنجائش نہیں۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ امن و استحکام سے جڑا ہے، اس لیے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ تک ریاستی کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں۔

بقیہ 01

دہشت گرد عناصر کے خلاف ایسی کارروائیاں اس عزم کا اظہار ہیں کہ ریاست امن دشمن قوتوں کو بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں اور حکومت ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے، دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک ریاست کا عزم برقرار رہے گا اور امن دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

بقیہ 02

کا اعلان کرتا ہوں۔ یہ محض وقتی مالی معاونت نہیں ہے بلکہ ہماری نئی نسل کے روشن مستقبل کی خاطر تعلیم کے ذریعے معاشرے کو تبدیل کرنے کے عزم کا اظہار ہے۔ اسکے علاوہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے FSc کے امتحانات میں اسلامیہ کالج کی پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کیلئے ایک ایک لاکھ روپے نقد انعام کا بھی اعلان کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامیہ گرلز کالج میں کی انجمن اسلامیہ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سردار یحییٰ خان ناصر، پرنسپل اسلامیہ گرلز کالج پروفیسر شائستہ کاکڑ، محمد نعیم احمد خان کے علاوہ اساتذہ اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انجمن اسلامیہ کے زیر نگرانی یہ ایک موقر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے۔ اسلامیہ بوائز اینڈ گرلز اسکولز اینڈ کالجز سے ہزاروں لوگ فارغ التحصیل ہوئے ہیں جو زندگی کی مختلف شعبوں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اسلامیہ ہائی اسکول کو چھوٹا علی گڑھ قرار دیا۔ معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اسلامیہ تعلیمی ادارے کا اپنا ایک منفرد کردار ہے۔ وقت آ پہنچا ہے کہ ہم اسلامیہ کالج کو اسلامیہ یونیورسٹی کا درجہ دے سکیں۔ ہم اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کا نہ صرف منظوری دیتے بلکہ مذکورہ یونیورسٹی کو مستحکم بنانے میں بھرپور کردار بھی ادا کریں گے اور امریکہ سے ڈونرز اور مخیر حضرات بھی لاؤں گا اسطرح درس و تدریس کا یہ سلسلہ آگے بھی چلتا رہیگا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت اور تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی ملک کی ٹاپ یونیورسٹیز کی فہرست میں شامل ہوگی۔ ایک تعلیم یافتہ لڑکی صرف اپنی تقدیر نہیں بدلتی بلکہ وہ ایک خاندان کی سوچ و اپروچ بدلتی ہے، ایک نسل کی تربیت کرتی ہے اور بالآخر پورے معاشرے کی درست سمت متعین کرتی ہے لہٰذا اب ہمیں آپ کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ آپ اپنے ہر خواب کو حقیقت میں بدل سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ایک نئے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ آج آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل اکانومی، روبوٹکس اور سائنٹفک ریسرچ مستقبل کا نقشہ بنا رہی ہیں لہٰذا آپ آرٹیفیشل انٹیلیجنس، روبوٹکس، کوانٹم ایجوکیشن، جدید مہارت اور سائنسی ریسرچ پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔ خوشی کا لمحہ ہے کہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے حالیہ اچھ ایس سی کے نتائج میں اسلامیہ گرلز کالج کی نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی دس طالبات میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں۔ اگر ہماری بیٹیوں کو مناسب ماحول، کوالٹی ایجوکیشن اور مساوی مواقع ملیں تو وہ زندگی کے ہر شعبے میں اپنی صلاحیت منوا سکتی ہیں۔ تقریب کے آخر میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے منتظمین اور پوزیشن ہولڈرز میں انعامات اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیے۔

بقیہ 03

ہیں گی۔ شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں تینوں دہشت گرد ہلاک جبکہ گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح پُرعزم ہیں اور فتنہ الہندوستان سمیت تمام دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رہیں گی شاہد رند نے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری عزم کے ساتھ ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 04

نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب ترین آپریشن کے دوران اہم کمانڈر سمیت تین دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی اہلکاروں کی دلاوری اور اعلیٰ حکمت عملی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ آپریشن اس بات کا حتمی ثبوت ہے کہ بلوچستان کی پاک سرزمین پر تخریب کاری، غیر ملکی ایجنڈے اور دہشت گردی کے لیے اب کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ امن کے دشمن اور بیرونی ایجنٹ چاہے کسی بھی نام یا پناہ گاہ کے پیچھے چھپ جائیں، ریاستی قوت ان کے تمام عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے ہر دم تیار ہے۔ مینا مجید بلوچ نے واضح کیا کہ بلوچستان کے غیور عوام صرف اور صرف ترقی، امن اور خوشحالی کے خواہاں ہیں اور کسی بھی شرپسند گروہ کو عوام کے ان حقوق کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ قوم اپنی فورسز کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے اور شہداء و غازیوں کی قربانیوں کے تسلسل میں امن دشمن عناصر کے مکمل خاتمے تک یہ کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

بقیہ 05

ں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور شزا فاطمہ کے ہمراہ وزیر اعظم فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نے ان لوگوں کیلئے خصوصی ریلیف اسکیم کا اجرا کیا ہے جن پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ پڑا، اس نوعیت کا نظام اس سے پہلے کبھی متعارف نہیں کروایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف حاصل کرنے کیلئے 9771 سے موصول ہونے والا ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھانا ہوگا، وزیر اعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ ریلیف کی سہولت ملنے کے بعد کرایوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کفایت شعاری کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے، کچھ اقدامات جاری رکھے گئے ہیں جبکہ بعض کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، بہتر ہوتا کہ وہ ماڈل گورننس کی مثالیں سامنے لاتی مگر دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے۔ پی ٹی آئی اپنے ساڑھے 12 سالہ دور حکومت کا کوئی ایک ایسا منصوبہ بتائے جسے ماڈل پراجیکٹ قرار دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دھرنوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ خدمت کی سیاست کو شعار بنایا، دانش اسکول اور میٹرو بس جیسے مثالی منصوبے دیے گئے جبکہ پنجاب حکومت کے منصوبوں کو دنیا بھر میں پذیرائی مل رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیر اعظم نے وعدہ کیا تھا کہ تنخواہ دار طبقے کیلئے بجٹ میں گنجائش پیدا کی جائے گی، اسی وعدے کے تحت ٹیکس سلیبس میں کمی کی گئی، ایکسپورٹرز نے بھی بجٹ کو سراہا۔ آئی ایم ایف پروگرام میں رہتے ہوئے ایسی اصلاحات کی گئیں جنہیں عالمی سطح پر پذیرائی ملی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے باعث بحری جہازوں کی نقل و حمل متاثر ہوئی ہے، تاہم آئل سپلائی کے انتظامات کے باعث لوڈشیڈنگ کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بجلی کے شعبے میں تاریخی اصلاحات کی گئیں، آئی پی پیز کا مسئلہ حل کیا گیا اور عوام کیلئے گنجائش پیدا کی گئی، پاور سیکٹر میں مزید اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے بریفنگ میں کہا کہ حکومت نے عالمی تیل بحران کے دوران عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، نجی ریفائنریوں نے وزیر اعظم کی اپیل پر ریفائنڈ مصنوعات کے فارمولے میں تبدیلی کی جبکہ مقامی طور پر پیدا ہونے والے ڈیزل کی لاگت کے مطابق اسے سستا فراہم کرنے کیلئے اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہونے کی صورت میں اس کمی کا فائدہ شفاف انداز میں عوام تک منتقل کیا جائے گا، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں شفافیت حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ جولائی سے پٹرول پمپ کی قیمت میں شامل ہر عنصر کی تفصیلات اوگرا کی ویب سائٹ پر اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں جاری کی گئی ہیں

بقیہ 06

یونیورسٹی میں بین الاقوامی سطح کا سپورٹس کمپلیکس بنا کر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بارانی زرعی یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی میں بین الاقوامی سطح کا سپورٹس کمپلیکس بھی بنا کر دیں گے مجھے پنجابی پر نہیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے رات کی تاریکی میں 25 سال قید لیکر خدا کی قسم پاکستان کا برا نہیں سوچا نہ سوچیں گے ہر وہ پاکستانی ہمارے ماتھے کا جھومر ہے جب تک وہ آئین کو مانتا ہے دنیا کو معلوم ہے پاکستان ایٹمی طاقت ہے اگر اسکے پاس ایٹمی طاقت ہے تو ہمارے پاس بھی بٹن ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ آج کل نفرتیں پھیلائی جا رہی ہیں عوام کو اداروں سے دور کیا جا رہا ہے فاصلے بڑھائے جا رہے ہیں میں تو حیران ہوں پڑھے لکھے لوگوں پہ کہ وہ تصدیق کئے بغیر ایسی باتوں پر یقین کرتے ہیں آج کل تو دیہات کے لوگ زیادہ باخبر اور باشعور ہیں اور وہ ان معاملات کو دیکھ رہے ہیں اسی پاکستان کا کھا کر ایک بدبخت نے کہا کہ اگلے جنم میں پاکستانی نہیں بلوچی ہونا پسند کروں گا انہوں نے کہا کہ سوات آپریشن کیوں ہوا تھا؟ بلوچستان کے اندر کیا ہے؟ افغانستان اس وقت دہشت گردوں کا بیس کیمپ ہے اسرائیل بھیشکی پسورٹ اور بھارت پیسہ دے رہا ہے خودکش حملہ آور وہاں سے آتا ہے اور سہولت کاری یہاں موجود ہے لیکن ہم پاکستان کو شام یا لیبیا نہیں بننے دیں گے یہ پاکستان پاکستانیوں کا ہوگا اور گلدستہ خوشبو دیتا رہے گا انہوں نے کہا کہ آج مری روڈ مانچسٹر کی گلیوں سے زیادہ صاف ہے میں آخری وقت تک ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے ساتھ موجود تھا وہ عظیم رہنما تھے انہوں نے کہا کہ میں اپنے ہر پراجیکٹ کا چوراہے میں کھڑے ہو کر حساب دے سکتا ہوں کوئی مجھ پر انگلی نہیں اٹھا سکتا کراچی ریلوے سٹیشن سوا سو سال بعد اپ گریڈ کیا میرے حلقے میں ایک بھی کالج ایسا نہیں جسکے کمرے یا آڈیٹوریم نہ بنا ہو تمام کے نام بیرونز کے ناموں پر ہیں انشاءاللہ آئندہ سال جون سے قبل 400 بستر کا چلڈرن ہسپتال فعال ہوگا انہوں نے کہا کہ جب ریلوے گیا تو بہت برا حال تھا کل آمدن 88 ارب تھی کبھی ریلوے نے 100 ارب کا ریونیو حاصل نہیں کیا آر آئی سی 16 مہینوں میں بنایا جسکی او پی ڈی میں 3500 مریض روزانہ آتے ہیں 40 فیصد مریض کے پی کے سے آتے ہیں اڑھائی ارب ڈالر کی لاگت سے کراچی، لاہور ایم ایل ون منصوبہ پر جنوری سے پہلے کام کا آغاز کریں گے جس سے کراچی لاہور کا سفر 5 گھنٹے میں مکمل ہوگا انہوں نے کہا کہ آپکو کہا گیا کہ دوسرے کے عیبوں پر پردہ ڈالیں اللہ تعالیٰ آپکے عیب پر پردہ ڈالے گا جیئی ملک کے کسی شہر سے ہو ہماری بیٹی ہے مخالفت کا یہ مطلب نہیں کہ گالی دیں آئیں آپ دلیل پر بات کریں انشاءاللہ پاکستان زندہ و تابندہ رہے گا۔

بقیہ 07

تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا عبدالماجد جو کہ ایک سال قبل گھر سے نکلا تھا بہت جلد کیا کچھ معلوم نہیں ہو سکا اور نہ ہی وہ تا حال واپس آیا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 08

نے امریکی اور اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی قرار دیا اور کہا ان حملوں کے باوجود ایرانی قوم مزید متحد ہوئی۔ ایرانی صدر نے ایران کے جوہری پروگرام پر امریکی اور اسرائیلی اعتراضات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ "ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا، امریکا اور اسرائیل نے مذاکرات کے دوران حملہ کیا، تہران معاہدے کے قریب تھا، ایران نے ایک فریم ورک پر اتفاق کیا لیکن امریکی صدر ٹرمپ نے اسے مسترد کر دیا۔ صدر مسعود پزشکیان نے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، پاکستان، قطر، روس اور چین سمیت ہمسایہ ممالک کے ساتھ ایران کے تعلقات کو دوستانہ قرار دیا اور کہا خطے میں امریکی فوجی اڈے بنیادی مسئلہ ہیں۔

بقیہ 09

انسداد دہشت گردی مشق کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ مشترکہ مشق کا مقصد دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے لیے انٹرنیٹ کے استعمال کی نشاندہی اور روک تھام ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بتایا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی کونسل کا 46 واں اجلاس پاکستان کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا

بقیہ 10

ڈائریکٹر طہور احمد نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے وفد کا خیر مقدم کیا اور طلباء کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نیب کے طریقہ کار، بشمول شکایات کی وصولی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکاء کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں اُن کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خود احتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان نیاز حسن نے طلباء سے مفصل گفتگو کی اور طلباء اور فیکلٹی ممبران کی جانب سے کئے گئے سوالات کے جوابات دیئے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں چیئرمین نیب کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیب اپنی تمام تر صلاحیتیں کرپشن کے تدارک اور ایسی تدابیر پر صرف کرے گا جس کی بدولت محکموں میں کرپشن کو پنپنے سے روکا جا سکے۔ انہوں نے نیب کی سہ جہتی حکمت عملی Awareness، Prevention اور Enforcement کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور نیب کے قانون اور اس کی ترامیم کے اہم حصوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلباء اپنے اخلاقی اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبرد آزما ہو سکتے ہیں۔ یہ وصف اُن کے مستقبل میں قائدانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ دورے کا اختتام پر نیب بلوچستان کی طرف سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ظہور احمد کو یادگاری شیلڈ دی گئی اور باہمی اظہار تشکر کیا گیا۔ آنے والے وفد نے نیب کے اس اقدام کو بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کی جانب انتہائی بامقصد اور اہم سنگ میل قرار دیا۔

بقیہ 11

اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، جنہوں نے زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز وندر کے علاقے میں کرکیزہ چیک پوسٹ کے قریب تیز رفتار کوچ اور ایل پی جی بوزر کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں کے ڈرائیور محمد طارق، بوزر ڈرائیور سکندر شکی، کوچ ڈرائیور دولت خان موقع پر جاں بحق جبکہ کوچ میں سوار خواتین بچوں سمیت 15 افراد زخمی ہوگئے حادثہ اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں کے اگلے حصے تباہ ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس، ریسکیو 1122 اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے زخمیوں اور نعشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی زخمیوں میں متعدد کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 12

احترام، قومی معاملات میں شفافیت، جوابدہی اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر کیا جو ہر سال 15 ستمبر کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے ملک میں جمہوریت کی بحالی اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لیے قربانیاں دینے والے قائدین اور سیاسی کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تاریخ جمہوری جدوجہد، آئینی بالادستی اور عوامی نمائندگی کے لیے دی جانے والی قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان جمہوری نظام کا بنیادی ستون اور عوامی امنگوں کا نمائندہ ادارہ ہے، جہاں عوام کے منتخب نمائندے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے قانون سازی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، تاہم اختلافات کو برداشت، مکالمے اور مشاورت کے ذریعے حل کرنا جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک میں مؤثر جمہوری نظام کے لیے صرف انتخابی عمل کافی نہیں بلکہ عوام کی مسلسل اور بامعنی شرکت اور فیصلہ سازی میں معاشرے کے تمام طبقات کی رائے کا احترام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین، نوجوانوں، اقلیتوں اور معاشرے کے دیگر طبقات کی سیاسی اور پارلیمانی عمل میں مؤثر شمولیت جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان مؤثر رابطے کا اہم ذریعہ ہے اور قومی اسمبلی عوامی مسائل کو قانون سازی اور پارلیمانی نگرانی کے ذریعے حل کرنے میں فعال کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی کمیٹیوں، پارلیمانی کاکسز اور مختلف مشاورتی پلیٹ فارمز کے ذریعے ارکانِ پارلیمان کو اہم قومی و عوامی امور پر مکالمے اور مشترکہ غور و خوض کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ نوجوان نسل پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ نوجوانوں کو پارلیمانی نظام، آئینی اقدار اور جمہوری طریقہ کار سے روشناس کرانا اور انہیں قومی فیصلہ سازی کے عمل میں مؤثر کردار کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی اسمبلی میں یونیورسٹی کے طلبہ کو قانون سازی اور پارلیمانی امور سے روشناس کرانے کے لیے یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا اجرا کیا گیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ آج کا دن ہمیں جمہوری اداروں کو مستحکم، آئینی نظام کو مضبوط اور سیاسی مکالمے کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی قوتوں کو باہمی اختلافات کو بھلا کر قومی اہمیت کے حامل معاملات اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے کہا کہ جمہوریت عوام کے حق حکمرانی اور سیاسی آزادیوں کے تحفظ کی ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط پارلیمان، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی جمہوری معاشرے کی بنیادی ضروریات ہیں اور ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے ملک میں جمہوریت کی بحالی اور استحکام کے لیے جو جدوجہد کی اور قربانیاں دیں، وہ ناقابل فراموش ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ سیاسی اختلافات کو مکالمے، مشاورت اور پارلیمانی طریقہ کار کے ذریعے حل کرنا جمہوری نظام کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے عوامی مسائل کے حل اور ملکی ترقی کے لیے جمہوری اقدار کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 13

ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر میڈم رشیدہ زہری اور اس مہم میں کام کرنے والی لیڈی ہیلتھ ورکرز نے حصہ لیا عام طور پر اس مہم میں ایک سال سے 5 سال تک کے بچوں کو ادویات دی جاتی ہیں بچوں میں خون کی کمی غذائیت کی کمی اور پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے ہونے والی جسمانی کمزوری کا تدارک کرنا اور ان کی نشوونما کو بہتر کو بہتر بنانا ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے کہا کہ بچوں میں پیٹ کے کیڑوں کو سمجھنا والدین دیکھ بھال کرنے والوں اور ڈاکٹروں کے لیے اہم ہے یہ کیڑے بچے کی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں اگر علاج نہ کیا گیا تو سنگین مسائل پیدا کر سکتے ہیں

بقیہ 14

کرلی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 52 سالہ ایوارڈ یافتہ فلم ساز اور 62 سالہ کاروباری شخصیت کی ملاقات فلموں اور دستاویزی فلموں پر کام کے دوران ہوئی۔ جمائما کے بھائی بین گولڈ اسمتھ نے جوڑے کی شادی کی تصدیق کی ہے، جبکہ ان کی اہلیہ جمائما جونز نے انسٹاگرام پر اس موقع کی ایک تصویر بھی شیئر کی ہے۔ جمائما جونز نے تصویر کے کیپشن میں لکھا ہے کہ میں اپنے پسندیدہ ساتھی کے ساتھ جمائما اور کیمرون کی شادی کی خوشی منا رہی ہوں، آج کا دن کتنا خوش گوار ہے۔ تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ جمائما جونز اور بین گولڈ اسمتھ ایک شاندار پتھریلی عمارت کے احاطے میں موجود ہیں، ان کی ایک جانب کنول کا تالاب ہے۔ انہوں نے نو بیاہتا جوڑے کی تصویر شیئر نہیں کی، تاہم کیپشن سے واضح ہے کہ جمائما گولڈ اسمتھ کا خاندان ان کی شادی کا جشن منا رہا ہے، جبکہ صارفین اس نو بیاہتا جوڑے کو مبارک باد دے رہے ہیں۔ کیمرون اور یلی آنجہانی سر اینتھونی اور یلی کے صاحبزادے ہیں، جو میڈیا کی معروف کاروباری شخصیت اور آئرلینڈ کی قومی رگبی ٹیم کے سابق کھلاڑی تھے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل کیمرون نے اپنے کیریئر کا ایک حصہ والد کے کاروبار میں کام کرتے ہوئے گزارا، جن میں انڈیپنڈنٹ نیوز اینڈ میڈیا اور آسٹریلوی اشاعتی ادارہ اے پی این نیوز اینڈ میڈیا شامل ہیں، بعد ازاں انہوں نے نجی سرمایہ کاری کے شعبے کا رخ کیا اور 2000ء میں اے پی این نیوز اینڈ میڈیا کے چیف ایگزیکٹیو کے عہدے سے سبکدوش ہو گئے۔ 2003ء میں انہوں نے نجی سرمایہ کاری کے فنڈ بیارڈ کیپیٹل کا آغاز کیا اور سوئٹزرلینڈ کی میٹرنگ کمپنی لینڈس اینڈ گائر حاصل کر لی، جس کے بعد وہ اس کے چیف ایگزیکٹیو بھی رہے، بعد ازاں 2011ء میں توشیبا نے یہ کمپنی 2.3 ارب ڈالرز میں خرید لی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کیمرون اور جمائما کی ملاقات پیشہ ورانہ کام کے سلسلے میں ہوئی، جب وہ متعدد دستاویزی فلموں اور فلموں میں ایگزیکٹیو پروڈیوسر کی حیثیت سے کام کر رہے تھے۔ ان دونوں کی منگنی کی خبریں پہلی مرتبہ رواں سال مئی میں سامنے آئی تھیں۔ واضح رہے کہ کیمرون کے 4 بچے ہیں، جبکہ جمائما کے 2 بیٹے سلیمان اور قاسم، ہیں۔

بقیہ 15

سے نشانہ بنایا۔ ذرائع کے مطابق فورسز نے کامیابی سے نشانہ بنا کر 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ ان کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہے، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں سی ٹی ڈی نے اضافی جس میپڈ آپریشن کر کے فائرنگ کیا دلے میں 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کر دیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران 4 اہلکار زخمی بھی ہوئے، ہلاک دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ 16

(بی وائی سی) کے کارندے محمد الیاس نے اعترافی بیان میں کہا کہ میں فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) اور دہشت گرد پراکسی بی وائی سی کا حصہ رہا ہوں۔ سوشل میڈیا پر پروپیگنڈے اور فتنہ الہندوستان کے منفی بیانیہ کیلئے بھی فعال کردار ادا کرتا رہا ہوں۔ کارندہ الیاس نے کہا کہ سوشل میڈیا پروپیوز اور تصاویر کے ذریعے معصوم عوام

بقیہ 01

کام چاہے، جھگی ہونے کے بعد بلوچستان میں سنڑی سہولیات اور معاشی سرگرمیوں کے لئے ایک اسپیشل سیل قائم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ذیرلی علاقہ بلوچستان میں سرفراز احمد بگٹی کے دور حکومت میں بھی بلوچستان میں جدید ٹرانسمیشنز کے مواقع فراہم کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں ترقی تعلیم بہت سرکوں، ٹرانسپورٹ اور دوسرے کے مصنوعیں پر کھلی کام ہورہا ہے۔ عوام اب لوہوں اپنا تعلیمی ترقی سے جاگ کے عملی اقدامات دیکھ رہے ہیں۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا سفر کسی کے تھی روپیکنڈ سے نہیں رکے گا

بقیہ 02

بہتر باہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے دصرف اہم کے اور کے درمیان فاصلے کم ہوں گے بلکہ معاشی تاج روزگار، سرمایہ سماجی تعلیم اور بنیادی سہولتوں میں ترقی کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر انتظامی تقسیم سے وسائل کی منصفانہ اور موثر تقسیم ممکن ہوگی اور دور دراز علاقوں کو ان کے مسائل کے حل کے لیے زیادہ بااختیار بنایا جاسکے گا۔ اس سے معاشی حکومتوں اور انتظامی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے فیصلہ سازی کا عمل مزید تیز ہوگا۔ بلال خان کاٹز نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے علاقائی تاج کے عمل میں توازن پیدا کیا جاسکتا ہے اور ہمارے علاقوں کو قومی دھارے میں مزید موثر انداز میں شامل کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں سے مالا مال علاقوں میں مقامی آبادی کو ترقی کے ثمرات پہنچانے اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ماؤٹر انتظامی نظام کارگر ہے۔

بقیہ 03

بلوچستان سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم ٹانک فورس برائے بجری اصلاحات کے تحت پورٹ قاسم کے بجری راستوں میں مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کے لیے مسلسل ڈریجنگ کا عمل جاری ہے، جس سے پورٹ آپریٹر کو جہاز موثر انداز میں مدد رہی ہے۔ بہتر پورٹ آپریٹر کے ساتھ کسٹم کلیرنس کے نظام میں بھی اہم اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں۔ پورٹ حکام نے بتایا کہ کسٹم آپریشنز کے ہیں شفائیت میں اضافہ اور کلیرنس کے عمل میں آسیسمنٹ کے بغیر گزارہ بنانے کا پلیٹ فارم متعارف کرایا گیا ہے جس سے شفائیت میں اضافہ اور کلیرنس کے عمل میں تیزی آئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق فیس لیس آسیسمنٹ کے بغیر گزارہ بنانے کا پلیٹ فارم ریونیو کلیکشن 6.8 ملین روپے سے بڑھ کر 7.9 ملین روپے ہوگئی ہے۔ اصلاحات کے مثبت نتائج کے طور پر پورٹ قاسم کی سالمی تاج پورٹ کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی۔ ورلڈ بینک کے کنٹینر پورٹ پرفارمنس انڈیکس کے مطابق پورٹ قاسم گزشتہ پانچ سال کے دوران دنیا کی پانچویں سب سے زیادہ بہتری ظاہر کرنے والی بندرگاہ قرار پائی ہے۔ بہتر پورٹ آپریشنز، شفاف نظام اور مضبوط روابط کے باعث پورٹ قاسم کو پاکستان کی تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے ایک اہم مرکز کے طور پر جدید مستحکم ہو رہا ہے

بقیہ 04

کوئٹہ: ڈاکٹر ہدایت الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر خرم آباد پولیس نے جیلنگ کے دوران سنچرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 02 ملزمان سلام اور فیصل کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے بھیجی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ اور موبائل برآمد کرلیا۔ اس کے علاوہ ملزمان کو پولیس نے اشتہاری قرار دیا ہے۔ ڈی پی او خرم آباد ڈاکٹر ہدایت الحق مندوخیل نے اشتہاری ملزم محمد زمین کو گرفتار کرلیا جبکہ 17 کارتوس اور 18 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ بھی بڑی پولیس نے فیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم عظیم حسین کو گرفتار کر کے ایک رائفل، دو میگزین اور دو کارتوس برآمد کرلیا ہے جبکہ پولیس نے ملزم محمد اللہ کو گرفتار کرلیا ہے اس کے علاوہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان محمد مختار، امان اللہ، اسد اللہ، عنایت اللہ، قادر خان، مختار، آفتاب، رضوان کو گرفتار کرلیا اور تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 05

محمد رؤف کا دورہ کیا اور وہاں واقع ایری فارمز میں صفائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران عملی مقامات پر موٹیشیوں کے فضلے، مکھیوں اور دیگر کیڑے مکوڑوں میں پھیلاؤ کا مشاہدہ ہوا، جس سے نالیوں میں رکاوٹ اور گندے پانی کے بہاؤ کے دوران 12 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ پکڑ کر پیش کیے گئے ان کو ذیلی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت کی گئی کہ ایری فارمز میں صفائی کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ ایری فارمز کے مالکان کی جانب سے فضلے کے حصول کے لیے انہوں نے وقتی انتظامات کرتے ہوئے رابطہ کیا ہے جس پر کارروائی کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ایری فارمز کے مالکان کو ہدایت کی جائے کہ وہ اپنے فضلے کو ٹھکانے لگانے کا مستقل بندوبست کریں۔ انہوں نے کہا

بلوچستان پولیس میں جاری بھرتی کے عمل کو مکمل طور پر میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر آگے بڑھایا جا رہا ہے، بات چیت

کسی بھی قسم کی سیاسی سفارش یا دباؤ خاطر میں نہیں لایا جائیگا، وزیر خان ناصر

کسی شخص کو بھرتی کے عمل میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا شکایت نظر آئے تو وہ اسے فوری طور پر متعلقہ حکام کے سامنے پیش کرے

تربت (آن لائن) بلوچستان پولیس بھرتی کمیٹی کے چیئرمین اور ڈی آئی جی خضدار وزیر خان ناصر نے کہا ہے کہ کچھ بلوچستان پولیس میں جاری بھرتی کے عمل کو مکمل طور پر میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر آگے بڑھایا جا رہا ہے اور کسی بھی قسم کی سیاسی سفارش یا دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ گدروشیا پوائنٹ سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خان ناصر نے بتایا کہ بلوچستان پولیس میں بھرتی کا عمل سات تاریخ سے شروع ہوا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

جمہوریت کی اصل طاقت صرف ووٹ ڈالنے کے عمل میں نہیں، زرین مگسی

قانون سازی اور پالیسی سازی میں کتنی مؤثر طریقے سے شامل ہوتی ہے، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) عالمی یوم جمہوریت کی مناسبت سے پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، ثقافت و سیاحت بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ جمہوریت کی اصل طاقت صرف ووٹ ڈالنے کے عمل میں نہیں بلکہ اس بات میں ہے کہ شہریوں کی آواز حکومتی فیصلوں، قانون سازی اور پالیسی سازی میں کتنی مؤثر طریقے سے شامل ہوتی ہے۔ ایک مضبوط جمہوری نظام وہ ہے جہاں قانون سب کے لیے یکساں ہو، بنیادی حقوق محفوظ ہوں اور ریاستی ادارے عوام کے سامنے جوابدہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات جمہوریت کا اہم حصہ ہیں، لیکن جمہوری (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

اوستہ محمد، سول ہسپتال میں نومولود بچے کے مبینہ غائب ہونے پر ورثاء کا احتجاج

اوستہ محمد (آن لائن) سول ہسپتال میں نومولود بچے کے مبینہ غائب ہونے پر ورثاء کا احتجاج سول ہسپتال میں ڈلیوری کے بعد نومولود بچے کے مبینہ طور پر غائب ہونے کا واقعہ سامنے آیا ورثاء نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈلیوری کے بعد لیڈی ڈاکٹر اور ہسپتال انتظامیہ کی مبینہ غفلت (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

سانحہ شاہرگ کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام ختم، روزانہ کی بنیاد پر مائنز اسپکشن یقینی بنائی جائے: سلطان خان

صحت و سلامتی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی مائنز کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں واقع (پی ایم ڈی سی) کی کوئلہ کان (ایریا نمبر 151) میں ٹھیکیدار فاروق ملیزئی کی زیر انتظام چلنے والی کان کے اندر گیس جمع ہونے کے باعث پیش آنے والے المناک حادثے میں 4 کانکنوں کی ہلاکت اور 5 مائن مزدوروں کے شدید زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس واقع کی فوری (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر ممبر قومی اسمبلی فرح ناز اکبر کے سسر کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس کی کارروائی 2 زخمی ملزمان سمیت 12 ملزمان گرفتار

محمد سفر، امان اللہ، اسد اللہ، عنایت اللہ، قادر خان، مختار، آفتاب، رضوان کو گرفتار

تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے سنیچرز، اشتہاری، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 زخمی ملزمان سمیت 12 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلئے۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

اسسٹنٹ کمشنر سٹی کا جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ اور اختر محمد روڈ کا دورہ

واقع ڈیری فارمز میں صفائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صاف، ستھرا کوئٹہ کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بزنجو کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اور میونسپل مجسٹریٹ ڈاکٹر عمران زیب کاسی نے جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ اور اختر (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

بلوچستان میں جاری ترقی اور خوشحالی کا سفر نام نہاد قوم پرست سرداروں اور نوابوں کو ہضم نہیں ہو رہا، صوبائی وزیر

عوام اب نعروں اور منفی سیاست کے بجائے عملی اقدامات دیکھ رہے ہیں، علی مدد جتک

آج بلوچستان میں ترقی، تعلیم، صحت، سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور روزگار کے منصوبوں پر عملی کام ہو رہا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں جاری ترقی اور خوشحالی کا سفر نام نہاد قوم پرست سرداروں اور نوابوں کو ہضم نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ بطور نگران وزیر اعظم پاکستان انوار الحق کاکڑ نے بلوچستان کو ایک تاریخی تحفہ دیا۔ چمن سے کراچی تک خونی شاہراہ کو ڈبل کرنے کے منصوبے پر تیزی سے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے مثبت نتائج

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پورٹ قاسم کی کارکردگی اور کارگو ہینڈلنگ میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے، کارگو ہینڈلنگ 45 ملین ٹن سے بڑھ کر 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی جبکہ عالمی سطح پر بھی بندرگاہ کی کارکردگی میں نمایاں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کی زیرو ٹالرنس پالیسی جاری رہے گی، ظہور بلیدی

ملک دشمن عناصر کو بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا امن دشمن عناصر کے لیے کاری ضرب ہے اپنے بیان میں میر ظہور بلیدی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کے ذریعے اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جس پر سیکیورٹی ادارے خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاست کے پختہ عزم کی عکاس ہے۔

بہتر انتظامی تقسیم سے وسائل کی منصفانہ اور مؤثر تقسیم ممکن ہوگی، بلال کاکڑ

نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کے لیے ضروری ہے، بات چیت

پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو عوامی ضروریات کے مطابق بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ بڑے انتظامی یونٹس کی تقسیم سے حکومتی اداروں کی کارکردگی بہتر، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مؤثر اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے عمل کو تیز کیا جا سکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو عوامی ضروریات کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

دفاتی مقتب کے حکم پر درخواست گزار احمد خان اور ان کے خاندان کے بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیے گئے

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار احمد خان نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے ان کا اور ان کے خاندان کے شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت اجلاس

طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ایلمنٹری کالج تربت کی نئی عمارت میں منتقلی، تعمیراتی کاموں کی تکمیل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کالج کی نئی عمارت میں منتقلی کے عمل کو جلد مکمل کرنے، درپیش مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

حب پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی 6 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) حب پولیس نے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ملک میں جمہوریت، آئین اور پارلیمنٹ عملاً یرغمال بن چکے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

عوامی مینڈیٹ کی توہین اور پارلیمنٹ کی بے توقیری نے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچایا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبداللہ صدیق حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادینی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 15 ستمبر کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاؤن، (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر صحبت پور کا گورنمنٹ گرلز کالج صحبت پور کا دورہ

تعلیم کی فراہمی اور ان کیلئے بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے گورنمنٹ گرلز کالج صحبت پور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے مختلف شعبہ جات، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی ماحول کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز کا معائنہ کرتے ہوئے طالبات کو فراہم کی جانے والی تدریسی سہولیات اساتذہ کی حاضری اور تدریسی عمل کے معیار کے حوالے سے معلومات (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی پولیس ویمن اینڈ جووینائل فیسلیٹیشن سینٹر میں افسران اور اسٹاف سے گفتگو کر رہی ہیں

رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کیلئے میڈیکل بورڈ کا اجلاس

مقررہ معیار پر پورا اترنے کی بنیاد پر معذوری سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی سفارش کی گئی

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، سماجی تحفظ اور انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی پالیسی کے تحت میڈیکل سوشل سروسز سنٹر، میر عبدالغفور گلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں افراد باہم معذوری کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کے لیے میڈیکل بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا میڈیکل بورڈ کا اجلاس میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن کی زیر صدارت ہوا، جس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی زیر صدارت تعارفی و مشاورتی اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی زیر صدارت اتوار کو ایک تعارفی و مشاورتی اجلاس آر بی سی سینٹر کوئٹہ میں منعقد (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سینیٹر نصیب اللہ بازئی باصلاحیت اور زیرک سیاسی شخصیت تھے، ظہور بلیدی

سیاسی بصیرت، عوامی خدمات اور اپنے علاقے کے لیے کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور باعث صدمہ ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ بازئی ایک باصلاحیت اور زیرک سیاسی شخصیت تھے، جن کی سیاسی بصیرت، عوامی خدمات اور اپنے علاقے کے لیے کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور باعث صدمہ ہے۔ اس مشکل اور غم کی گھڑی میں وہ مرحوم کے اہل خانہ اور تمام سوگواران کے دکھ میں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

حکومت بلوچستان کی کھیل دوست پالیسی جاری

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی کھیل دوست پالیسی، نوجوانوں کو صحت مند و مثبت سرگرمیوں کے مواقع کی فراہمی اور کھیلوں کے ذریعے طلبہ و طالبات کی صلاحیتوں کو اجاگر (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

سوراب کو مسلسل تین بجٹ میں پی ایچ ای کے فنڈز ملنے کے باوجود عوام پانی کی سہولت سے محروم ہیں، بے یو آئی سوراب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب کے عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں سوراب میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے منصوبوں اور پانی کی فراہمی کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوراب کو مسلسل تین بجٹ میں پی ایچ ای کی مد میں فنڈز فراہم کیے گئے ہیں، تاہم زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں اور عوام آج بھی بنیادی سہولت آب سے محرومی کی شکایات کر رہے ہیں، بے یو آئی تحصیل (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے مختلف اخباروں کے ایڈیٹرز ملاقات کر رہے ہیں

74 مختلف کیگریز سے تعلق رکھنے والی تقریباً پانچ ہزار پوسٹوں کو ختم کردیا گیا ہے، ذرائع محکمہ مواصلات و تعمیرات

سی اینڈ ڈبلیو کی 5 ہزار غیر ضروری آسامیاں ختم مزید 1500 پر کام جاری

اس اقدام کا مقصد محکمہ کے انتظامی و مالی ڈھانچے کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایسی آسامیوں کو ختم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کی جانب سے ایک تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے محکمہ میں موجود 74 مختلف کیگریز کی تقریباً پانچ ہزار ایسی آسامیاں ختم کردی گئی ہیں جن کا عملی کردار دور حاضر کی جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے باعث مکمل طور پر ختم ہو چکا تھا اور مستقبل میں بھی ان آسامیوں کی ضرورت باقی نہیں رہی محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے اٹھائے گئے اس اقدام کا مقصد محکمہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیر اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیر اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نئے طلبہ کو جامعہ کے تعلیمی و سماجی ماحول سے روشناس کرانا اور ان میں باہمی ہم آہنگی کا فروغ تھا تقریب میں رجسٹرار جامعہ گوادر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اسلام آباد، اسلام آباد اور راولپنڈی کی انتظامیہ تحریک انصاف کے متوقع لانگ مارچ کے پیش نظر کنٹینرز کے ذریعے راستے بند کئے جا رہے ہیں

زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری

دائرہ اختیار کے اندر رہتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی زراعت دوست پالیسی کے تحت زمینداروں کو درپیش مسائل کے حل، زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کے لیے اقدامات کا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پولیس کا فرض ہے عوام کو انصاف کی فراہمی اور ان کی شکایات کے حوالے سے داد رسی کرے، ڈی آئی جی

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس کا فرض ہے کہ عوام کو انصاف کی فراہمی اور ان کی شکایات کے حوالے سے داد رسی کرے معذور نابینا شہری کی فریاد کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی ٹریفک پولیس سریاب نے ان کی ہدایت پر مذکورہ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت انسداد منشیات کا اجلاس

انسداد بھنگ مہم پر بلا امتیاز اور سختی سے عملدرآمد جاری رکھا جائے گا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی برائے انسداد منشیات کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری مہم، سروے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (علی نواز جمالی، ایس ڈی پی او محمد اعظم، محکمہ ایکسائز و اینٹی نارکوٹکس اور دیگر متعلقہ محکموں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں بھنگ کی ممکنہ کاشت کی نشاندہی کے لیے کیے گئے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈی آئی جی کو سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات، ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت

ارکھان (آن لائن) ڈی آئی جی کو سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی نگرانی میں ایس ایچ او (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سرکاری نرخ نامہ نمایاں طور پر آویزاں کریں، اے سی صدر کوئٹہ

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف آئندہ بھی سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی نے سروے 144 اور عالمو چوک کے علاقوں میں تندور مالکان، آٹا اور گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف پرائس کنٹرول کے تحت کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف دکانوں اور کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا اور سرکاری نرخ نامے، مقررہ وزن اور صفائی کے اصولوں کی پابندی کا جائزہ لیا گیا۔ خلاف ورزی پر 7 افراد کو گرفتار جبکہ 3 دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر نے تاجروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

یمنی سرحد سے متصل 2 علاقوں سے حملوں کا خدشہ، سعودی شہریوں کو الرٹ جاری

سعودی عرب کے ادارہ سول ڈیفنس نے یہ انتباہ ابہا اور خمیس مشیط کے قریبی علاقوں کیلئے جاری کیا

ریاض (آن لائن) سعودی عرب نے یمن کی سرحد سے متصل 2 علاقوں میں اپنے شہریوں کو ممکنہ حملوں سے خبردار کیا ہے۔ سعودی عرب کے ادارہ سول ڈیفنس نے یہ انتباہ ابہا اور خمیس مشیط کے قریبی علاقوں کیلئے جاری کیا، ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں اور سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز کے درمیان لڑائی گزشتہ ہفتے سے شدت اختیار کر گئی ہے۔ 20 جولائی کو حوثیوں نے سعودی ناکہ بندی کے جواب میں بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا تھا جس کے بعد دونوں فریقوں کے درمیان کشیدگی مزید بڑھ گئی۔ گزشتہ ہفتے حوثیوں نے بڑی کارروائی کے بعد بئیر واحمر کے مغر (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

مسائل کے فوری اور بروقت حل کیلئے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا، اعلامیہ

سبی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت پر ضلع سبی میں خواتین کے مسائل کے فوری اور بروقت حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ خصوصی کھلی کچہری 16 ستمبر کو صبح 11 بجے سرکٹ ہاؤس سبی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

بلوچستان کے مسائل کا حل شفاف انتخاب میں ہے، مولانا عبداللہ جتک

موجودہ حکومت فارم 47 کی ہے جنہیں کوئی عوامی حمایت حاصل نہیں، بات چیت

اوستہ محمد (آن لائن) موجودہ حکومت فارم 47 کی ہے جنہیں کوئی عوامی حمایت حاصل نہیں بلوچستان کے مسائل کا حل شفاف انتخاب میں ہے جبکہ صوبے میں امن و امان کی خراب صورتحال مجموعی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام سنٹرل کمیٹی کے رکن مولانا عبداللہ جتک نے پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا گرین بیلٹ پٹ فیڈر اور کھیر تھر کینال میں شدید پانی کا شاٹ فال ہے اور (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

پاپو بی بی زوجہ شہین گل خان کے علاج کیلئے سرکاری خرچ پر فنڈز کی فوری منظوری دیدی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی خصوصی سفارش پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ضلع ہرنائی سے تعلق رکھنے والی کینسر کی مریضہ محترمہ پاپو بی بی زوجہ شہین گل خان کے علاج کے لیے سرکاری خرچ پر فنڈز کی فوری منظوری دے دی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ صحت نے ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال کراچی کو باقاعدہ مراسلہ جاری کرتے ہوئے مریضہ کا علاج سرکاری اخراجات پر کرنے کی ہدایت کی ہے اس موقع پر (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری

دائرہ اختیار کے اندر رہتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی زراعت دوست پالیسی کے تحت زمینداروں کو درپیش مسائل کے حل، زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کے لیے اقدامات کا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ، ایس او ایس ویلیج کی 10 بچیوں نے ایک سالہ بیوٹیشن کورس مکمل کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) ایس او ایس ویلیج کی 10 یتیم اور بے سہارا بچیوں نے ایک سالہ بیوٹیشن کورس کامیابی سے مکمل کرلیا، ایس او ایس ویلیج کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بچیوں کی پیشہ ورانہ تربیت کی تکمیل پر تقسیم اسناد کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں بچیوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور ہنرمندی کو سراہا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ ایس او ایس ویلیج گزشتہ 20 برس سے یتیم بچوں (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

بلوچستان کے حالات تجزیوں اور خبروں سے کہیں زیادہ خراب ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی کی بات چیت

بلوچستان کو لاوارث ریگستان اور نو گوایریا بنایا جا رہا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

وسائل پر سب سے پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے؛ یہ وسائل ان کی ترقی، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات پر خرچ ہونے چاہئیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری، بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی صرف جماعت اسلامی ملک بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے۔ 20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ وقت کی اہم ضرورت ہے جماعت اسلامی کے تمام سطح کے ذمہ دار (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

سائبر سکیورٹی، شفافیت اور قومی خودمختاری کے اصولوں کو مقدم رکھا جائے، احسن اقبال

ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کی رفتار تیز کرنے کا اہم ذریعہ ہے

اروچی (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کی رفتار تیز کرنے کا اہم ذریعہ ہے، ڈیجیٹل تعاون میں اعتماد، رازداری، سائبر سکیورٹی، شفافیت اور قومی خودمختاری کے اصولوں کو مقدم رکھا جائے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال دو روزہ سرکاری دورہ چین پر، ڈیجیٹل اکانو (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

پاپو بی بی زوجہ شہین گل خان کے علاج کیلئے سرکاری خرچ پر فنڈز کی فوری منظوری دیدی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی خصوصی سفارش پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ضلع ہرنائی سے تعلق رکھنے والی کینسر کی مریضہ محترمہ پاپو بی بی زوجہ شہین گل خان کے علاج کے لیے سرکاری خرچ پر فنڈز کی فوری منظوری دے دی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ صحت نے ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال کراچی کو باقاعدہ مراسلہ جاری کرتے ہوئے مریضہ کا علاج سرکاری اخراجات پر کرنے کی ہدایت کی ہے اس موقع پر (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ہیت کی بنیاد پر بھرتیوں کو یقینی بنانے سے صوبے میں مثبت تبدیلی آئے گی، اپیکا

وزیر اعلیٰ کی میرٹ اور شفافیت کے فروغ کے لیے اٹھایا جانے والا اقدام خوش آئند ہے

ملازمتوں کی خرید و فروخت کے الزامات کی تحقیقات کیلئے بااختیار پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی سکندر علی لہڑی صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیرزادہ علیزئی سینئر نائب صدر ثناء اللہ جام نائب صدر ملک صحبت خان مندوخیل نقیب اللہ کاکڑ اور دیگر کابینہ اراکین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے گزشتہ روز سیکرٹری صاحبان سے سرکاری ملازمتوں کو شفاف (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

سبی میں واقع کلمہ چوک سردار رنبواز کرد کی ذاتی ملکیت ہے، کرد ہاؤس

کوئٹہ (آن لائن) کرد ہاؤس کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ سبی میں واقع کلمہ چوک سردار رنبواز کرد کی ذاتی ملکیت ہے۔ ترجمان کے مطابق چند ناعاقبت اندیش عناصر کرد ہاؤس کی ملکیتی جائیداد کو غیر قانونی طور پر فروخت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو غیر قانونی اور ناقابل قبول (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

سرکاری اسکولوں میں اساتذہ اور عملے کی بروقت حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع جعفر آباد میں تعلیمی عمل کو مزید مؤثر بنانے، اساتذہ کی حاضری، غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی، تدریسی سرگرمیوں کی بہتری اور محکمہ تعلیم کو درپیش دیگر مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری یقینی بنانے سمیت طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے حوالے سے مختلف امور پر غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے موقع پر احکامات دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوہستان مری میں محکمہ ای